اسلام الدین اور رحمت کھیر کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔24 /جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم گھوٹکی زون راڈنتی یونٹ کے کارکن اسلام الدین اور ایم کیوایم میرپور بھٹورو کے کارکن راغب کھیر کے والد رحمت کھیر کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائیں اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

ایم کیوایم ،خواتین کو مردوں کے برابر حقوق دینے پر یقین رکھتی ہے، ناہید بیگم
سکھر میں ایم کیوایم شعبہ خواتین کے اجلاس سے خطاب

سکھر۔۔۔24 /جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ناہید نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور خواتین کو مردوں کے برابر حقوق دینے پر یقین رکھتی ہے۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ کی حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ناہید بیگم نے ایم کیو ایم شعبہ خواتین سکھر زون کے زیراہتمام جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کے موقع پر کیا۔اجلاس میں یوسی نمبر 5، یوسی 3 اور یوسی 10 سے تعلق رکھنے والی کارکنان اور ہمدرد خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور ظالمانہ رسومات کے باعث خواتین کے بنیادی حقوق سلب کئے جارہے ہیں اور ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو نہ صرف خواتین کو معاشرے باعزت مقام دلانا چاہتی ہے بلکہ انہیں مردوں کے برابر حقوق دینے پر بھی یقین رکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ کاروکاری، ونی، غیرت کے نام پر قتل اور دیگر ظالمانہ رسومات اسلامی تعلیمات کے خلاف ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خواتین کے حقوق کی پامالی کے خلاف صدائے احتجاج بلند کرکے ثابت کردیا ہے کہ ایم کیوایم معاشرے سے ان ظالمانہ رسومات کے خاتمہ کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد میں خواتین نے اہم کردارادا کیا ہے اور حق پرست ماؤں بہنوں نے ہرآزمائش کے دور میں بہادارانہ کردارادا کرکے تاریخ رقم کی ہے۔محترمہ ناہید بیگم نے حق پرست خواتین پرزور دیا کہ وہ خواتین کے حقوق کے حصول اور معاشرے سے فرسودہ ظالمانہ رسومات کے خاتمہ کیلئے اپنا بھرپور کردار جاری رکھیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ کیلئے اپنا کردارادا کریں۔

متحدہ قومی موومنٹ بلاتفریق رنگ ونسل غریب عوام کی خدمت کررہی ہے، سید رضا حیدر
اورنگی ٹاؤن کے غریب ومستحق افراد میں امدادی سامان کی تقریب سے خطاب

کراچی ۔۔۔24 /جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کی روشنی میں بلاتفریق رنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور تمام تر وسائل غریبوں کی خدمت پر صرف کررہی ہے،ان خیالات کا اظہار حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر نے ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن کے زیراہتمام گورنمنٹ ڈیوڈ راپس پرائمری اسکول اورنگی ٹاؤن میں غریب ومستحق افراد میں امدادی سامان تقسیم کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کے موقع کیا۔تقریب میں اورنگی ٹاؤن کے رہائشی سینکڑوں غریب ومستحق عوام خصوصاً ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور بچوں نے شرکت کی۔قبل ازیں حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حیدر نے اورنگی ٹاؤن کے رہائشی سینکڑوں غریب ومستحق خاندانوں میں گدے اور لحاف سمیت دیگر گرم اشیاء تقسیم کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سید رضا حیدر نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر بلاتفریق رنگ ونسل دکھی انسانیت کی خدمت کررہی ہے اور یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم غریب ومستحق افراد کی ہرممکن مدد کیلئے وقفے وقفے سے امدادی پروگراموں انعقاد کرکے غریب ومستحق خاندانوں میں امدادی اشیاء تقسیم کرتی رہی ہے اور آج کی تقریب بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ایک ایسا معاشرہ تشکیل دینا چاہتے ہیں جس میں عوام کے پاس نہ صرف اختیارات ہوں بلکہ وہ بنیادی مسائل سے مکمل طور پر آزاد بھی ہوں۔انہوں نے کہا کہ اورنگی ٹاؤن ایم کیوایم کا قلعہ ہے اور یہاں کے عوام قائد تحریک الطاف حسین کے چاہنے والے عوام ہیں۔تقریب میں اورنگی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆